بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگران - ملک منصور احمد عمر
مدیر - عبدالباسط طارق
قائم مقام مدیر - شمس الحق

ماہنامہ مغربی جرمنی

p 24/3/84

# اخبار احمدیہ

امان 1363 ھش مارچ 1984ء

## خلیفۂ وقت کی پکار سنو!

"ساری دنیا میں اسلام کی جو تبلیغ ہوئی ہے وہاں کون سے مبلغ تھے جنہوں نے فتح کیا ہے۔ مبلغین تو یاد دھانی کا کام کیا کرتے تھے۔ تبلیغ کا حقیقی کام عوام الناس نے کیا ہے۔ چین کو کن مبلغین نے مسلمان بنایا تھا۔ ہندوستان میں کن مبلغین نے اسلام پھیلایا تھا۔ انفرادی طور پر کچھ تاجر تھے اور کچھ درویش صفت لوگ تھے جو خدا کی راہ میں نکل کھڑے ہوئے وہ جہاں جہاں گئے اسلام کی تبلیغ واشاعت کا کام بھی کرتے رہے۔ اسیطرح اسلام مختلف ملکوں میں پھیلتا چلا گیا ---- دعائیں کرتے ہوئے اپنے دل کی کیفیت بدلنے کی کوشش کریں۔ جب تک ہر احمدی جو یہاں بس رہا ہے اسکے دل کی کیفیت نہیں بدلے گی اور احساس پیدا نہیں ہوگا وہ تبلیغ نہیں شروع کرے گا۔ اُس وقت تک ان قوموں کی کیفیت بدلنے کے خواب، خواب رہیں گے آپ ہزار مسجدیں بھی یہاں بنالیں تب بھی ان کی تقدیر نہیں بدلے گی جب تک ہر احمدی اسلام کی تبلیغ نہ کرے اور آگے مبلغ احمدی نہ پیدا کرے۔ صرف یہی ایک قانون ہے جس سے قوموں کی تقدیریں بدلا کرتی ہیں۔"

---

"اب دنیا سے ہمارا مقابلہ کسی دلیل پر نہیں ہوگا بلکہ اس بات پر ہوگا کہ خدا ہے یا نہیں؟ ایک باخدا شخص میں اور ایک بے خدا شخص میں کیا فرق ہے؟"

---

"جس خطۂ ارض پر آپ آباد ہیں اسکی تاریکی دعاؤں سے دور ہوگی۔ دلوں کا بدلنا خدا کے قبضہ میں ہے۔ اور آپ بھائیوں کی دعوت الی اللہ میں اثر پیدا ہونا بھی اسی کے فضل اور اذن پر منحصر ہے۔ لہذا اسی مولیٰ کریم عزیز و حکیم خدا کا دروازہ کھٹکھٹاؤ۔ اسی پر توکل کرتے ہوئے اپنے پروگراموں پر عمل کرو۔ اسی سے راہنمائی حاصل کرو۔ سستیاں ترک کردو کہ اب دوڑنے کا وقت آچکا ہے۔ خداوند کریم آپ کو ہمت دے۔"

Nuur-Moschee · Babenhäuser Landstr. 25 · 6000 Frankfurt/M. 70 · Tel.: 0611/681485
Telex 416187 islam d · Telegramm-Adresse: »ISLAM« Frankfurt/Main

# مغربی جرمنی کے نوجوانوں کے نام حضور اقدس کا محبت بھرا اسلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

345
15-2-84

مکرم ملک منصور احمد عمر صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی رپورٹ مؤرخہ 20 12/83 موصول ہوئی جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ آپ نے ماشاءاللہ بہت اچھا کام شروع کیا ہے۔ آپ کے کیسٹ پروگرام اور انفرادی تبلیغ کے پروگرام سے بہت خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بیش از پیش مقبول خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے۔ جتنے بھی احمدی نوجوان اس پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں اُن کو میرا محبت بھرا اسلام پہنچا دیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کے ایمان واخلاص میں برکت دے۔ اپنی رضا کی راہوں پر چلائے اور دینی و دنیوی حسنات عطا فرمائے۔ آمین۔

والسلام
خاکسار
مرزا طاہر احمد (خلیفۃ المسیح الرابع)

حضور اقدس نے ایک "تازہ مکتوب میں ارشاد فرمایا" ہے:-
"جرمنی سے جو اطلاعیں آرہی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ساری جماعت ایک نئے دور میں داخل ہوگئی ہے۔ اور خدا کے فضل سے بہت بیداری پیدا ہو رہی ہے" 3.3.63/84

## "ایّام التبلیغ"
## برائے سال ۱۳۶۳ ہش۔ (۱۹۸۴ء)

ذاتی رابطہ۔ عملی نمونہ۔ پرسوز دعا اور حضور کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھنے پر زور دیں۔ یہی تبلیغ کا طریق ہے۔

مسجد نور فرنکفرٹ اور مسجد فضل عمر ہمبرگ میں ہر یوم التبلیغ کو 4 بجے اردو اور 7 بجے شام جرمن زبان میں تبلیغی نشستیں منعقد ہوا کریں گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ

28 صلح (جنوری) اور 26 تبلیغ (فروری) کے یوم التبلیغ خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت کامیاب رہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کے بہترین نتائج پیدا فرمائے ہیں۔ اب انشاءاللہ ہر ماہ یوم التبلیغ منایا جائیگا۔ سال 1363 ھش (1984ء) کے بقیہ دس مہینوں میں "یوم التبلیغ" درج ذیل تاریخوں کو منائے جائیں گے:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31 امان (مارچ) | بروز ھفتہ | 18 ظہور (اگست) | بروز ھفتہ |
| 28 شہادت (اپریل) | " " | 22 تبوک (ستمبر) | " " |
| 26 ہجرت (مئی) | " " | 27 اخاء (اکتوبر) | " " |
| 23 احسان (جون) | " " | 24 نبوت (نومبر) | " " |
| 21 وفاء (جولائی) | " " | 22 فتح (دسمبر) | " " |

گزشتہ ایام التبلیغ کے سلسلہ میں جماعتوں اور احباب کو تبلیغ کے جو پروگرام دیئے گئے تھے اُن کے مطابق ہر ماہ یوم التبلیغ منائیں اور اگلے روز رپورٹ بھجوایا کریں۔ اِس امر کا خصوصی خیال رکھیں کہ تبلیغ میں زیادہ زور انفرادی رابطہ پر دیں اور نوجوان جرمن نسل کو مسلمان بنانے کیلئے عملی نمونہ اور دعا کے ذریعہ اپنی کوششوں کو عروج تک پہنچا دیں۔ خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔ آمین۔ (امیر و مشنری انچارج مغربی جرمنی)

# "دوسرا یوم التبلیغ"

## (مختصر جائزہ)

خلافت لائبریری

سالِ نو کا دوسرا یوم التبلیغ 26 رتبلیغ (فروری) کو منایا گیا جو خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت کامیاب رہا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے بہترین نتائج پیدا فرمائے۔ درج ذیل جماعتوں کی طرف سے "یوم التبلیغ" کی رپورٹیں 29 تبلیغ (فروری) تک موصول ہوئیں اُن رپورٹس کا ایک مختصر جائزہ درج کیا جاتا ہے۔ 29 رتاریخ تک موصول ہونے والی رپورٹوں کے مطابق یوم التبلیغ کے موقع پر مختلف مقامات پر 3 جرمن افراد نے بیعت کرکے اسلام اور احمدیت میں شمولیت کا اعلان کیا۔ فالحمدللہ علیٰ ذالک۔

**فرنکفرٹ** مسجد نور میں نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی جس میں اس حلقہ کے احباب جماعت نے شمولیت کی۔ دیگر حلقوں میں بھی نماز تہجد کی ادائیگی ہوئی۔ ہفتہ اور اتوار کو درج ذیل حلقوں نے بک سٹال لگائے:۔

Sachsenhausen - Offenbach - Rödelheim - Höchst - Zoo - Eschersheim

شام 7 بجے جرمن افراد کی تبلیغی نشست مسجد نور میں منعقد ہوئی جو 10 بجے شب تک خدا تعالیٰ کے فضل سے جاری رہی۔ اس تقریب کیلئے دعوت نامے جرمن افراد کو قبل از وقت بھجوائے گئے تھے اور بک سٹالز کے ذریعہ بھی دعوت نامے تقسیم کئے گئے۔ اس تقریب میں 8 غیر مسلم جرمن مرد و زن شریک ہوئے۔ احمدی جرمن و دیگر احباب نے بھی شمولیت کی۔ مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب اور مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نے مہمانوں کے سوالات کے جوابات دیئے۔ جرمن احمدی خاتون ربیعہ اوریان صاحبہ نے بھی اس موقع پر اپنا مضمون اسلام کی فضیلت کے عنوان پر پڑھا۔ اِس تقریب میں اخبار Bild کے نمائندہ نے بھی شرکت کی جملہ جرمن افراد نے خدا تعالیٰ کے فضل سے اس محفل میں بہت دلچسپی کا اظہار کیا۔ اور بہت اچھا تأثر لے کر گئے۔ انہیں لٹریچر اور تبلیغی کیسٹس بھی دی گئیں۔ نیز مشروبات سے ان تواضع کی گئی۔

فرنکفرٹ کے دو حلقہ جات Dietzenbach اور Eschersheim کی طرف سے رپورٹیں موصول ہوئیں۔ حلقہ Eschersheim نے دس بجے تبلیغی سٹال کو اپنی استطاعت کے مطابق سجایا۔ اگرچہ اس روز شدید سردی تھی اور برف باری ہو رہی تھی تاہم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے متوالے جوانمردی کے ساتھ اپنے کام میں مصروف رہے۔ جرمنوں، موراکنز، عربی، پاکستانی اور ترکی لوگوں نے اسٹال پر آکر اسلامی لٹریچر دیکھا اور بڑی خوشی اور دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقعہ پر بعض افراد سے طویل گفتگو کا موقعہ ملا۔ دو جرمنوں نے اس بات پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا کہ آپ لوگ یہاں اسلام کی اشاعت کر رہے ہیں۔ موراکو کے چند لوگوں کو عربی تبلیغی کیسٹس سنائی گئیں۔ حلقہ کے صدر مکرم عبدالغفور بھٹی صاحب نے Floh Markt میں اپنے اسٹینڈ کے ساتھ تبلیغی لٹریچر کی تقسیم کا بھی انتظام کیا۔ Dietzenbach کے چار دوستوں نے باجماعت نماز تہجد ادا کی اور چار تبلیغی گروپ بنائے گئے جن میں ایک گروپ اطفال کا بھی تھا۔ قریباً 50 کے قریب جرمنوں اور ترک افراد کو لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ ایک گروپ ترک مسلمانوں کی مسجد میں بھی گیا اور اُن سے گفتگو کی۔ 8 افراد سے تبلیغی گفتگو ہوئی 120 کی تعداد میں لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ ایک دوست جو ٹیکسی ڈرائیونگ کا کام کرتے ہیں نے اپنی ٹیکسی کے مسافروں کو لٹریچر دیا۔

**ھمبرگ** مسجد فضل عمر میں باجماعت نماز تہجد ادا کی گئی۔ 10 بجے صبح سے لیکر ایک بجے دوپہر تک مختلف حلقہ جات

نے اپنے اپنے مراکز میں لٹریچر تقسیم کیا۔ اسکے علاوہ HBF پر کتب کا سٹال لگایا گیا۔ جن حلقہ جات کی طرف سے بذریعہ فون رپورٹیں موصول ہوئی ہیں وہ درج ذیل ہیں Moschee، KROONHORST - PINNEBERG، NORDERSTEDT

ہمبرگ مشن سے متعلقہ جن جماعتوں کیطرف سے بذریعہ فون رپورٹیں موصول ہوئی ہیں وہ درج ذیل ہیں WANDSBEK - ان تمام مقامات پر تہجد ادا کرنے۔ سٹال لگانے اور لٹریچر تقسیم کرنے نیز غیر مسلموں اور غیر از جماعت احباب کے ساتھ سوال وجواب کی محفلیں منعقد کرنے کی رپورٹیں ملی ہیں۔ الحمدللہ۔

ہمبرگ مشن میں شام 4 بجے جرمن احباب کے ساتھ جنہیں اس پروگرام میں شمولیت کیلئے قبل از وقت دعوت نامے ارسال کئے گئے تھے۔ ایک محفل سوال وجواب منعقد ہوئی جس میں مکرم مولانا لئیق احمد منیر صاحب مبلغ سلسلہ نے جرمن زبان میں حضرت مسیحؑ کی زندگی، مشن بعد آمدِ ثانی کے موضوع پر نصف گھنٹے کا مقالہ پڑھا۔ بعدہٗ شرکاء سے سوالات کرنے کی درخواست کی گئی۔ 6 بجے تک یہ مجلس جاری رہی مکرم مبارک اوسائے صاحب نے سوالات کے بہت عمدگی سے جوابات دیئے۔ اس پروگرام میں 15 سے زائد جرمن مرد وخواتین شریک ہوئے۔ جن میں celle سے ہمارے جرمن نو احمدی دوست مکرم خالد محمود صاحب (Franko Klappert) کی اہلیہ بھی شامل تھیں۔ انہوں نے ابھی تک بیعت نہیں کی تھی۔ چنانچہ اس پروگرام کے بعد انہوں نے بھی بیعت فارم پُر کرکے احمدیت قبول کرنے کا اعلان کیا۔ فالحمدللہ علیٰ ذالک۔

حلقہ مسجد نے نماز تہجد باجماعت ادا کی۔ شہر کے مرکزی علاقہ میں تبلیغی بک سٹال لگایا گیا۔ 4 دوستوں نے سٹال پر ڈیوٹی دی۔ چار دوستوں نے مختلف جگہوں پر 200 کی تعداد میں لٹریچر تقسیم کیا۔ دو دوست شہر میں واقع ترکی مسجد گئے اور وہاں کے امام کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے آنے کی خبر دی اور آئندہ گفتگو کیلئے وقت بھی لیا۔ دوستوں نے یوم التبلیغ سے قبل اور بعد میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھے۔ حلقہ KroonHorst کے ایک دوست نے فولڈر تقسیم کئے۔ وہ ساتھ ساتھ کہتے جاتے تھے کہ مسیح موعود تشریف لے آئے ہیں۔ celle کی ایک اور جرمن خاتون نے بھی اسلام قبول کرنے کی خواہش ظاہر کی چنانچہ مکرم لئیق احمد منیر صاحب کو وہاں بھجوایا گیا اور اس خاتون نے بھی بیعت فارم پُر کیا۔ فالحمدللہ علیٰ ذالک۔

**Bielefeld** اس مبارک دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ سینکڑوں کی تعداد میں احمدیت سے متعلقہ تعارفی فولڈرز تقسیم کئے گئے۔ اسیطرح سان فرانسسکو ہسپتال میں بھی لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ چند جرمن دوستوں کو تبلیغی کیسٹس دی گئیں۔ ایک ترک بھائی سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد کے موضوع پر گفتگو ہوئی تو وہ بہت خوش ہوا۔ اگلے ہفتہ کا دن دوبارہ گفتگو کیلئے مقرر کیا گیا۔

**Hannover** نماز تہجد ادا کی گئی۔ ایک ہزار کے قریب تبلیغی فولڈرز تقسیم کئے گئے 17 عدد رسالہ Der Islam اور دیگر کتب تقسیم کی گئیں۔ لٹریچر کی تقسیم میں 3 مقامی احباب اور ایک مہمان دوست جو Köln سے آئے تھے شریک ہوئے۔ شہر کے بارونق علاقہ میں عیسائیوں کیطرف سے لگائے گئے سٹال پر موجود عورتوں کو لٹریچر دیا گیا اور زبانی تبلیغ کی گئی۔ انہوں نے اپنا ایڈریس دیا اور گفتگو کیلئے دوبارہ آنے کا دعوہ کیا۔ اسیطرح ٹیکسی ڈرائیورز کو بھی فولڈرز تقسیم کئے گئے۔

**Würzberg** نماز تہجد ادا کی گئی جسمیں 13 احباب شریک ہوئے۔ نماز تہجد کے دوران نہایت گریہ وزاری کے ساتھ جرمن قوم کیلئے دعائیں کی گئیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد اسلام اور احمدیت قبول کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ حضور اقدس کی خدمت میں دعائیہ خطوط بھی لکھے گئے۔ محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایک جرمن عیسائی خاتون نے احمدی مسلمان ہونے کا اعلان کیا۔ اس سے بیعت فارم پُر کروا لیا گیا۔

مختلف دوستوں کو جرمن تبلیغی کیسٹ ع۱ ، ع۲ اور ترکی زبان کی کیسٹ سنائی گئی۔ تبلیغ کی غرض سے ایک خط لکھا گیا۔ 5 معزز افراد کو لٹریچر دیا گیا۔ یوم التبلیغ کے موقعہ پر مکرم مبشر ناصر صاحب نے ایک پادری اور اُسکی بیوی کو مدعو کیا اور کافی تفصیل سے گفتگو ہوئی۔ اُس نے جماعت کا لٹریچر مانگا جو اُسے دیا گیا پھر وہ آئندہ ملاقات کے وعدہ کے ساتھ رخصت ہوا۔

**AUGSBURG** یوم التبلیغ کا آغاز نماز تہجد کی ادائیگی سے کیا گیا۔ نیز حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کی خدمت میں یوم التبلیغ کی کامیابی کیلئے بغرض دعا خطوط تحریر کئے گئے۔ احباب جماعت کو تبلیغ کی غرض سے دو گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ ایک میونخ کیلئے اور دوسرا آؤگس برگ کیلئے تھا۔ آؤگس برگ کا گروپ محمود احمد بٹ صاحب صدر جماعت، محمد سرور بٹ صاحب، غلام جبار صاحب عارف صدیقی صاحب اور مقصود الحق صاحب پر مشتمل تھا۔ تبلیغی بک سٹال لگانے کی غرض سے شہر کے پر رونق حصہ کا انتخاب کیا گیا۔ سٹال پر کپڑے کا ایک بینر جس پر "Der Verheissne Massias ist Gekommen" تحریر تھا نمایاں طور پر آویزاں کیا گیا۔ لوگوں کو مزید متوجہ کرنے کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی فوٹو اور جرمن زبان کی کیسٹ ٹیپ ریکارڈر میں لگا دی گئی تھیں جو بہت مفید ثابت ہوئیں اور اُن کی وجہ سے لوگ مجبور ہو جاتے رہے کہ کم از کم بینر پر لکھی ہوئی عبارت پڑھیں اور فوٹوز دیکھیں۔ زیادہ دلچسپی ظاہر کرنے والے لوگوں کو زبانی تبلیغ کی گئی اور بغرض مطالعہ لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ دو عیسائیوں سے اسلام اور عیسائیت کے عقائد پر دلچسپ گفتگو ہوئی جو باوجود سخت سردی کے متواتر دو گھنٹے جاری رہی اور احمدیت کے علم کلام کے نتیجہ میں اُنہیں متاثر ہونا پڑا آخر میں لٹریچر کے ساتھ اُنہیں رخصت کیا گیا اور مزید بات چیت کیلئے انہیں دعوت دی گئی۔ قریباً 300 افراد کو بذریعہ لٹریچر یا زبانی پیغام حق پہنچایا گیا۔ میونخ تبلیغی گروپ نذیر احمد صاحب، منور ناصر صاحب، داؤد احمد صاحب اور طارق محمود صاحب پر مشتمل تھا جو میونخ سے آؤگس برگ آتے ہوئے Autobahn کے ساتھ چار دیہات میں بذریعہ کار پہنچے اور لٹریچر کے ذریعہ نیز زبانی احمدیت کا پیغام دیہاتی لوگوں تک پہونچایا۔ 200 کی تعداد میں لٹریچر تقسیم کیا۔ بس سٹاپس، گرجوں کے نوٹس بورڈز نیز Autobahn کے ساتھ Rast Platz پر بھی تعارفی تبلیغی پمفلٹ چسپاں کئے گئے۔ Johovas witness والوں کے ساتھ اسلام کے متعلق زبانی بات چیت ہوئی۔ میونخ سے آؤگس برگ آتے ہوئے ٹرین میں بھی اسلام اور احمدیت کے بارہ میں تعارفی فولڈرز تقسیم کئے گئے۔ دو ڈاکٹروں کی انتظار گاہوں میں جماعتی لٹریچر رکھوایا گیا۔

**AACHEN** نماز تہجد ادا کی گئی۔ ۱۰ افراد نے تقسیم لٹریچر میں حصہ لیا۔ یوم التبلیغ کے دن سخت سردی تھی اور مسلسل برفباری ہو رہی تھی۔ جس جگہ جماعت احمدیہ آخن اپنا تبلیغی سٹال لگاتی ہے اسی جگہ دوسرے لوگ اور تنظیمیں بھی اپنا سٹال لگاتی ہیں مگر اسبار شدید سردی کے باعث کسی اور تنظیم کو سٹال لگانے کی ہمت نہیں پڑی۔ اسطرح اس دفعہ لوگوں نے لٹریچر اچھی طرح قبول کیا۔ ہمارے چند دوستوں کو گالیاں سُننے کا اتفاق بھی ہوا۔

**WEISENHEIM** جماعتی سنٹر میں نماز تہجد ادا کی گئی جس میں آٹھ احباب نے شرکت کی جسکے بعد اُنہیں پانچ گروپس میں تقسیم کیا گیا جو اجتماعی دعا کے ساتھ دعوت الی اللہ دینے کے لئے مختلف اطراف میں روانہ ہوئے اور پانچ بجے شام تک پیغام حق پہونچانے کیلئے کوشاں رہے۔ اسی دوران 36 جرمنوں کو اسلام سے متعارف کروایا گیا۔ ۱۰۰ افراد کو لٹریچر دیا گیا نیز ۶ افراد کو تبلیغی کیسٹ سنوائی گئی۔ اسطرح کل 142 افراد تک پیغام حق پہونچایا گیا۔ فالحمد للہ۔

**MENDEN - LÜDESCHEID** تبلیغ کی غرض سے جماعت کو تین گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ پہلا گروپ Menden اور Hemer کے تین افراد پر مشتمل تھا۔ دوسرا گروپ Iserlohn اور تیسرا Altena - Lüdenscheid کے احباب پر مشتمل تھا۔ ان کے تحت درج ذیل کام کئے گئے۔ ایک پاکستانی اور اُسکی جرمن بیوی کو تبلیغ کی گئی اور لٹریچر دیا گیا۔ ایک دوست نے ایک غیراز جماعت دوست جو کہ ہسپتال میں داخل تھے کی تیمارداری کی اور اُنہیں لٹریچر دیا۔ ایک لڑکی کو تبلیغ کی گئی جس پر اُس نے قرآن مجید پڑھنے کا شوق ظاہر کیا۔ اُس کو مشن سے قرآن مجید مع جرمن ترجمہ منگوا کر دیا گیا جس پر اس نے بڑی خوشی کا اظہار کیا۔ Hemer میں ایک سڑک کے کنارے کھڑے ہو کر لٹریچر تقسیم کیا گیا۔ اسی طرح مکرم عبدالمالک صاحب صدر جماعت نے چرچ کے قریب چرچ میں جانے والوں میں لٹریچر تقسیم کیا۔ یہ منظر بہت روح پرور تھا کہ جب 20 کے قریب عیسائی جرمن ہاتھوں میں وہ فولڈر پکڑے جس پر یہ لکھا تھا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام مبعوث ہو گئے ہیں اور حضور اقدس کی تصویر بھی اس پر تھی آپس میں گفتگو کرتے ہوئے چرچ کے اندر داخل ہوتے گئے۔ ترکی زبان میں تبلیغی کیسیٹس ترکی مسجد کے امام کو سننے کیلئے دی گئیں جسکو انہوں نے بہت پسند کیا۔ اُنہیں جماعت کا تعارف کروایا گیا تو انہوں نے بتایا کہ وہ بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو فوت شدہ تسلیم کرتے ہیں۔ وہ شریف النفس آدمی ہے اور حافظِ قرآن بھی ہیں۔ اُنہوں نے جماعت کے سالانہ جلسہ میں شرکت کا شوق بھی ظاہر کیا ہے۔

**KÖLN** یوم التبلیغ کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ تبلیغ کی غرض سے 7 گروپ بنائے گئے۔ ہر وفد کو دعا کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ کُل 29 دوستوں نے تقسیم لٹریچر اور تبلیغ کے پروگرام میں حصہ لیا۔ جرمن اور ٹرکش دوستوں کو لٹریچر دیا گیا۔ راستہ میں بھی راہ گیروں سے تبادلہ خیالات ہوا۔ جن لوگوں نے خوشی اور دلچسپی کا اظہار کیا اُن سے اُنکے ایڈریس لے گئے۔ ایک وفد نے قریباً 40 افراد تک پیغام حق پہونچایا۔ ایک عرب کو تبلیغ کی گئی اُنہوں نے عربی زبان میں مزید لٹریچر کی درخواست کی۔ ایک بس ڈرائیور کو جب لٹریچر دیا گیا تو اُس نے کہا میں بڑی خوشی سے یہ لٹریچر پڑھتا ہوں اور سنبھال کر رکھوں گا۔ اگر مزید لٹریچر کی ضرورت ہوئی تو مجھے اپنا ایڈریس دیں میں رابطہ کرونگا۔ چنانچہ اُسے دونوں مشنوں کے ایڈریس اور فون نمبر دیئے گئے۔ ایک جرمن دوست کو جب لٹریچر دیا گیا تو اُس نے بڑی محبت سے لٹریچر لیا اور شکریہ ادا کیا۔

---

# تبلیغ کِس طرح کریں!

چند جرمنوں کو دوست بنائیں۔ اُن کے لئے حق قبول کرنے کی دعا پُرسوز طریق پر شروع کر دیں۔ حضور اقدس کی خدمت میں اُن کیلئے دعا کی درخواست پر مشتمل لگاتار خطوط لکھیں۔ اُن پر اپنی روحانیت کا اثر ڈالیں حتیٰ کہ اُن کو یقین ہو جائے کہ آپ کا خدا تعالیٰ کے ساتھ زندہ تعلق ہے۔ اپنی نیک صحبت اور پُرحکمت گفتگو کے ساتھ ان کے دلوں میں اسلام کا نور اتارنے کی کوشش کریں۔ خدا تعالیٰ ان کے دلوں کو بدلے گا اور وہ اسلام قبول کریں گے اور اس کا اعزاز اللہ تعالیٰ آپکو دے گا۔

غیر ممکن کو یہ ممکن میں بدل دیتی ہے
اے مرے فلسفیو! زورِ دعا دیکھو تو

# وقفِ عارضی

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز یورپ میں وقفِ عارضی سکیم میں شمولیت پر بہت توجہ دے رہے ہیں۔ چھ ممالک یعنی سپین، پرتگال، اٹلی، یوگوسلاویہ، آسٹریا اور فن لینڈ اس میں شامل کئے گئے ہیں۔ اس مبارک تحریک کو عملی صورت میں پایۂ تکمیل تک پہنچانے کیلئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جماعت کے مخلصین سے اپیل کی ہے کہ جوق در جوق آگے بڑھیں اور اپنی چھٹیوں کے اوقات کو تبلیغ کیلئے رضاکارانہ پیش کریں۔ وہ دوست جو چھٹیوں میں اپنے ذرائع سے ان ممالک میں جا سکتے ہیں اور تبلیغ کا شوق رکھتے ہیں اُن کی خدمت میں درخواست ہے کہ امام وقت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے آگے آئیں اور اپنے نام لکھوائیں اور ساتھ یہ بتائیں کہ وہ کس کس موسم میں اور ملک میں جا سکتے ہیں۔ (چوہدری ناز احمد ناصر سیکرٹری اصلاح وارشاد)

# یورپین اجتماع خدام

یورپ کی تمام مجالس خدام الاحمدیہ کا پہلا اجتماع مؤرخہ 27-28-29 وفا (جولائی) 1363 ھش (1984ء) کو لندن (انگلستان) میں منعقد ہوگا۔ انشاءاللہ العزیز۔ مغربی جرمنی کے تمام وہ خدام جو اس اجتماع میں شرکت کے خواہشمند ہوں وہ اپنے اسماء سے مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نیشنل قائد مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی کو مطلع فرمائیں (فلاح الدین نیشنل معتمد)

# مرکزی کلاس برائے یورپ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یورپ اور امریکہ میں مقیم احمدیوں کے بچوں کی موسمی تعطیلات میں اُن کیلئے مرکز احمدیت ربوہ میں ایک تربیتی کلاس کے انعقاد کا انتظام کرنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ آمدورفت کے اخراجات، کرایہ وغیرہ والدین کو خود برداشت کرنے ہوں گے۔ البتہ مرکز میں رہائش وغیرہ کا انتظام مرکز کرے گا۔ جو والدین اپنے بچوں کو اس تربیتی کلاس میں بھجوانے کے خواہشمند ہوں وہ ازراہ کرم فوری طور پر اپنے بچوں کے اسماء، انکی عمریں اور دیگر کوائف لکھ کر مشن کو ارسال کریں۔ نیز یہ بھی لکھیں کہ اُن کیلئے کن تاریخوں میں اور کتنے عرصہ کیلئے مرکز جانا ممکن ہوگا۔ اس کلاس کیلئے اگر کوئی دوست Administrator کے طور پر جا سکتے ہوں تو وہ بھی اپنے کوائف سے مطلع فرمائیں۔ (اعجاز احمد طارق سیکرٹری تعلیم وتربیت)

# تحریک جدید

جن احباب کو چندہ تحریک جدید کا وعدہ کرنے کی توفیق ملی ہے اُن سے درخواست ہے کہ وہ عملی قدم اٹھاتے ہوئے اپنے وعدہ جات کو جلد از جلد پورا کریں۔ جو دوست 29 رمضان المبارک سے قبل اپنے وعدہ جات کی سو فیصد ادائیگی کر دیں گے اُنکے اسماء انشاءاللہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں بغرض دعا پیش کئے جائیں گے۔ احباب کوشش کریں اور ابھی سے ایسا اہتمام کریں کہ اپنے وعدہ جات زیادہ سے زیادہ 29 رمضان المبارک تک ادا کرکے نہ صرف اس فرض سے سبکدوش ہوں بلکہ خلیفۂ وقت اور ساری جماعت کی خصوصی دعائیں حاصل کریں۔ (عرفان احمد خان سیکرٹری تحریک جدید)

## تبلیغ میں کامیابی کیلئے ایک قرآنی دعا

(حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدا کے حضور مناجات)

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي - وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي - وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِي - يَفْقَهُوا قَوْلِي ○

اے میرے رب میرا سینہ کھول دے اور جو فرض مجھ پر ڈالا گیا ہے اس کو پورا کرنا میرے لیے آسان کردے اور میری زبان کی گرہ کھول دے (حتی کہ) لوگ میری بات آسانی سے سمجھنے لگیں۔

## جلسہ سالانہ مغربی جرمنی قریب آگیا ہے!

احباب جماعت کی اطلاع کیلئے تحریر ہے کہ انشاءاللہ العزیز مغربی جرمنی کا جلسہ سالانہ مؤرخہ 21 - 22 شہادت (اپریل) 1363 ھش 1984ء فرنکفرٹ میں منعقد ہوگا۔ جو دوست جلسہ سالانہ پر تشریف لا رہے ہیں وہ مسجد نور میں اپنی آمد کی اطلاع ١٠ اپریل تک ضرور دے دیں نیز یہ بھی وضاحت کریں کہ آیا وہ جماعتی انتظام کے تحت ٹھہریں گے یا اُن کا ذاتی انتظام ہوگا۔ اسی ضمن میں چندہ جلسہ سالانہ کی ادائیگی کیطرف بھی خصوصیت سے توجہ دیں۔ (عبدالباسط طارق افسر جلسہ سالانہ مغربی جرمنی)

## "Weißes Minarat"

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کے جرمن زبان میں ماہانہ رسالہ "Weißes Minaret" کا پہلا شمارہ شائع ہو چکا ہے۔ رسالہ کی بہتری کے سلسلہ میں احباب کی تجاویز کا خیر مقدم کیا جائیگا۔ صدران / سیکرٹریان جماعت مطلع فرمائیں کہ انہیں اپنی جماعت کے جرمن زبان جاننے والے احباب و خواتین کیلئے کتنی تعداد میں یہ رسالہ ارسال کیا جایا کرے۔ تبلیغ کیلئے بھی اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کسی کتاب، رسالہ یا اخبار میں اسلام کے حق میں یا خلاف کوئی مضمون پڑھیں تو اُس کی فوٹو کاپی یا کٹنگ رسالہ میں اشاعت کیلئے ارسال فرمائیں۔

(عبداللہ واگس ہاؤزر ایڈیٹر رسالہ)

## خدمتِ خلق کریں!

براہِ کرم شعبہ خدمت خلق و وقار عمل سے متعلق لائحہ عمل میں درج شدہ پروگراموں کو مدنظر رکھیں۔ خدمتِ خلق اور وقار عمل کے چھوٹے چھوٹے کام بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ اپنی ماہانہ کارگزاری کی رپورٹ میں اُنکا تفصیلی ذکر فرمائیں۔

(انعام الٰہی اشعر نیشنل ناظم خدمت خلق و وقار عمل)

## قراردادِ تعزیت

ہم ممبران جماعت احمدیہ حلقہ Zoo فرنکفرٹ اپنے عزیز بھائی سخاوت احمد صاحب سے اُنکے والد ماجد مکرم چوہدری کرامت احمد صاحب کی اچانک اور ناگہانی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔ مکرم چوہدری کرامت احمد صاحب مرحوم ایک لمبا عرصہ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے خادم کی حیثیت سے فضل عمر ہسپتال میں خدمات بجالاتے رہے ہیں۔ آپ نہایت شفیق۔ ہمدرد اور انسان دوست تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رضا کی جنتوں میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین (حلقہ Zoo)

**دورہ:** امیر و مشنری انچارج مغربی جرمنی جماعتوں کا دورہ فرما رہے ہیں۔ دعا کی درخواست ہے۔ (خاکسار مقصود احمد)